وفاق المدارس کی طرف سے جاری کردہ مختلف اخباری بیانات اور پریس ریلیز

(دینی مدارس کے خلاف ہونے والی سازشوں اور پروپیگنڈہ کے خلاف وفاق المدارس کی قیادت کی طرف سے اخباری بیانات مستقل اور مسلسل جاری کئے جاتے ہیں۔ ذیل میں ریکارڈ میں محفوظ رکھنے کے لئے وہ بیانات نذر قارئین ہیں)

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی خدمات کے اعتراف میں
سعودی عرب کی طرف سے ,,خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ،،

(پ-ر)7 جولائی 2014ء کو رابطہ عالم اسلامی کے زیر اہتمام جدہ میں منعقدہ ایک عالمی تقریب میں سال1435ھ /2014ء میں سب سے زیادہ تریسٹھ ہزار پانچ سو چھپن (63556) حفاظ تیار کرنے پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کو دنیا کے سب سے بڑے اعزاز'' خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ'' سے نوازا گیا۔ وفاق المدارس کے تحت ہر سال تقریباً60 ہزار طلبہ و طالبات حفظ قرآن کریم مکمل کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں جب کہ اس سال تریسٹھ ہزار پانچ سو چھپن (63556) حفاظ قرآن نے یہ سعادت حاصل کی جن میں 15000 خوش قسمت بچیاں بھی شامل ہیں جبکہ مجموعی طور پر وفاق المدارس سے ملحقہ مدارس و جامعات میں 20لاکھ سے زاید طلبہ و طالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ خدمت قرآن کریم کے حوالے سے یہ ایوارڈ رابطہ عالم اسلامی کی ذیلی تنظیم الھیئۃ العالمیہ لتحفیظ القرآن الکریم کے زیر اہتمام جدہ میں منعقدہ ایک عالمی تقریب میں دیا گیا۔ فاق المدارس کی طرف سے ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم نے سعودی فرمانروا شاہ عبداللہ کے صاحبزادے گورنر مکہ شہزادہ مشعل بن عبداللہ اور رابطہ عالم اسلامی کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبداللہ عبدالمحسن الترکی سے یہ ایوارڈ وصول کیا۔ اس تقریب میں سعودی عرب کے علماء و مشائخ، مختلف وزارتوں کے افسران اور شاہی خاندان کے افراد موجود تھے۔ جبکہ امریکا، برطانیہ، ساؤتھ افریقہ، انڈونیشیا، ملائیشیا، متحدہ عرب امارات، کویت، مصر، اردن سمیت دنیا بھر کے تمام قابل ذکر ممالک کے وفود اور اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

اس تاریخی موقع پر مولانا محمد حنیف جالندھری نے عالمی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے اس ایوارڈ کو پاکستان، پاکستانی قوم اور دینی مدارس کا اعزاز قرار دیا اور کہا کہ ملک بھر کے مدارس و جامعات کے ذمہ داران کی شبانہ